YOUTH PARLIAMENT PAKISTAN

Second Session

Official Debates

Thursday, April 25, 2013

The Youth Parliament met in the Margalla Hotel Hall Islamabad at five minutes past eleven in the morning with Madam Deputy Speaker (Miss Aseella Shamim Haq) in the Chair.

Recitation from the Holy Quran

Madam Deputy Speaker: We are going to continue with yesterday's debate, those of you who wish to speak please forward your names. Mr. Kashif Khan.

جناب محمد کاشف خان کھچی: شکریہ، میڈم سپیکر! میں جناب عمر نعیم اور ریحان ناز خان کی resolution کو endorse کرتا ہوں۔ اس کے دو پہلو ہیں، ایک تو یہ ہے کہ پاکستان میں 1999 میں جس آمر نے democratic rule پر شب خون مارا تھا، ہمیں نہ صرف اس کی accountability کرنی چاہیے بلکہ 1970s میں جس آمر نے پاکستان کے جمہوری نظام پر شب خون مارا تھا، اس کی باقیات آج بھی پاکستان میں exist کرتی ہے اور ہمیں ان کے ساتھ اُن کا بھی احتساب کرنا چاہیے جو آج بھی پاکستان کے جمہوری نظام میں موجود ہیں۔ اس کے علاوہ یہاں illegal activities میں پاکستان ضائع ہو رہا ہے، ان activities میں بھی اُن شخصیات کا بہت زیادہ role ہے۔

اگر ہم national interest and political stability کی بات کریں اور آمروں کی باقیات کی بات کریں تو میں سمجھتا ہوں کہ اُن کا trial کرنا بہت ضروری ہے کیونکہ پاکستان بہت نازک دور سے گزراہے اور جمہوری نظام بہت مشکل سے ابھی stable ہو ا ہے۔ پاکستان نے پانچ سال گزارے ہیں۔ میرے خیال میں ہمیں national interest کو مدنظر رکھتے ہوئے ان کا سختی سے trial نہیں کرنا چاہیے کیونکہ فوج کا پاکستان میں بہت زیادہ role ہے، پاکستان کی policies, اس کے internal and external affairs میں اس کا بہت زیادہ کردار ہے۔ اگر ہمارا ایک ادارہ مضبوط ہوا ہے تو کسی دوسرے ادارے کو فوراً ہی آنکھیں نہیں دکھانی چاہییں بلکہ ہمیں صبر سے دوسرے اداروں کو مضبوط کرنا چاہیے اور اُن آمروں کا آہستہ آہستہ trialکرنا چاہیے۔ میں سمجھتا ہوں کہ ان کا فوری trial پاکستان کے national interest کے خلاف بھی جا سکتا ہے اور پاکستان کے جمہوری نظام کے لیے ایک بہت بڑا خطرہ بھی بن سکتا ہے۔ میں ان کی اس resolution کو endorse کرتا ہوں۔ شکریہ۔

میڈم ڈپٹی سپیکر:محترم اعجاز سرور صاحب۔

Mr. Muhammad Ejaz Sarwar: Thank you Madam Speaker, I want to talk about that

کل کی خبر ہے کہ نگران حکومت نے پرویز مشرف کے خلاف ایکشن لینے سے انکار کر دیا ہے۔ یہ پہلا موقع نہیں ہے کہ کسی civilian government نے ایسا کیا ہو، اصغر خان کیس میں سپریم کورٹ کے حکم پر بھی ابھی تک کوئی

عملدرآمد نہیں ہو سکا،ex-Army Chief and ex-ISI Chief کے خلاف بھی کوئیaction نہیں لیا گیا۔ہم اس چیز کو condemn کرتے ہیں کیونکہ کہتے ہیں کہ .justice delayed is justice denied اگر civilian government ان کے خلاف ایکشن نہیں لیتی تو وہ انصاف کے تقاضوں پر پورا نہیں اترتی۔ ہماری جمہوریت اس موڑ پر آچکی ہے کہ ہمیں اس بات کو show کرنا ہو گا کہ civil military relations میں civil government کو priority, upper hand حاصل ہے، ہمیں یہ show کرنا ہو گا کہ civil government نے establishment کے نیچے کام نہیں کرنا بلکہ power lies with the civil government not establishment. آپ نے ماضی میں دیکھا کہ ایک منتخب وزیراعظم کو آئین کی خلاف ورزی پر باہر نکال دیا گیا۔ اگر ان کے خلاف ایکشن لیا جاسکتا ہے تو ایک سابق آرمی چیف کے خلاف ایکشن کیوں نہیں لیا جا سکتا؟ پاکستان کا political culture اب اس چیز کی demand کرتا ہے کہ ہم کچھ ایسے precedence set کر دیں کہ چاہے کوئی بھی ہو، چاہے آرمی چیف ہو چاہے وزیراعظم ہو، جو بھی آئین کی خلاف ورزی کرے اس کے خلاف ایکشن لیا جائے اور انصاف کیا جائے۔ شکریہ۔

میڈم ڈپٹی سپیکر: محترم امین اسمٰعیلی صاحب۔

جناب امین اسمٰعیلی: میڈم سپیکر میں اپنی تقریر کا آغاز اس جملےسے کروں گا جو آج کل زبان زدِ عام ہے اور جسے مکے لہرا کر کہا جاتا تھا کہ میں ڈرتا ورتا کسی سے نہیں ہوں۔ میڈم سپیکر! آج وہ شخص جس نے لال مسجد کے طلباء کو شہید کیا، جو بگٹی کا قاتل ہے، اس نے عوامی mandate پر شب خون مارا اور اپنے مذموم مقاصد کے لیے عدلیہ کو تباہ کیا۔

میڈم ڈپٹی سپیکر: محترم آپ متعلقہ resolution کے بارے میں اظہار خیال کریں۔

جناب امین اسمٰعیلی: میڈم سپیکر! میں Article 6 کے حوالے سے بات کر رہا ہوں۔ امریکہ کے مطالبات کے آگے لیٹنے والے شخص کے خلاف Article 6 کے تحت کارروائی ہونی چاہیے۔ اگر 2/3rd majority والے وزیراعظم کو اٹک جیل میں پھینکا جا سکتا ہے، اگر بے نظیر بھٹو شہید کو ملک سے بے دخل کیا جا سکتا ہے یا ایک وزیراعظم کو پھانسی دی جا سکتی ہے تو اس آمر پر Article 6 کیوں نہیں impose کیا جاسکتا۔ شکریہ۔

میڈم ڈپٹی سپیکر: جناب ہشام ملک صاحب۔

جناب ہشام ملک: شکریہ، میڈم سپیکر! میں اس resolution کے سلسلے میں کہنا چاہوں گا کہ اُس آمر کے خلاف کارروائی کے لیے تو سب تیار کھڑے ہیں لیکن جنہوں نے 1999 کے coup میں اور 2007 کی emergency میں legally as well as politically انہیں support کیا تھا، ان کے بارے میں کیا خیال ہے؟ جن لوگوں نے PCO کے تحت حلف اٹھایا تھا، ان کے بارے میں کیا خیال ہے؟ یہاں civil military relationship کی بات ہوئی لیکن اب civil military and judicial relationship بھی ہے۔ ہم نے ان ججوں کو تو فارغ کر دیا جنہوں نے 2007 میں PCO کے تحت حلف اٹھایا تھا، جن ججوں نے 1999 میں حلف اٹھایا تھا ان کے بارے میں کیا خیال ہے؟ میں یہ سوال اٹھانا چاہتا ہوں کہ judiciary میں جن لوگوں نے اس آمر کا ساتھ دیا ان کے خلاف بھی ایکشن ہونا چاہیے کیونکہ ان لوگوں نےہی 1999 کا coup اور 2007 کی emergency impose کی تھی، صرف ایک آدمی کو لٹکانے سےمسئلہ حل نہیں ہو گا، سب کی across the board accountability ہونی چاہیے اور سب پر Article 6 لاگو ہونا چاہیے۔ شکریہ۔

Madam Deputy Speaker: I would just like to remind the House

کہ کسی کا نام ایسے نہ لیا جائے جو یہاں موجود نہیں ہے اور وہ اپنے آپ کو defend نہیں کر سکتا۔ زیب لیاقت صاحبہ۔

Ms. Zaib Liaqat: Thank you Madam Speaker! I just want to say that I endorse the statement but not completely because there is need to change the mindset of our society as well as the Aristotle says

> "if liberty and equality, as is thought by some are chiefly to be found in the democracy, they will be best attained when all persons alike share in the government to the utmost".

میرے خیال میں ہمیں اپنی سیاسی جماعتوں میں بھی dictatorship کو ختم کرنا چاہیے۔ جب بھی کوئی ڈکٹیٹر آتا ہے تو ہمیشہ celebrate کیا جاتا ہے کیونکہ ہمارے سیاسی رہنما اپنی corruption اور دوسری چیزوں کی وجہ سے بدنام ہوجاتے ہیں اس لیے جب بھی آمر اقتدار میں آتا ہے تو اسے celebrate کیا جاتا ہے۔ ہماری سیاسی جماعتوں میں بھی جمہوریت ہونی چاہیے تاکہ لوگ نیچے سے filter ہو کر اوپر آئیں اور جمہوریت وہاں سے شروع ہونی چاہیے۔

دوسری چیز یہ ہے کہ ایک ڈکٹیٹر کو لانے میں ایک پورا mindset involve ہوتا ہے اور اسے celebrate بھی کیا جاتا ہے، اس لیے ان سب لوگوں کو پھر hang کرنا چاہیے جو لوگ اس coup میں ملوث ہوں۔ I completely agree with Mr. Hasham کہ عدلیہ اور سیاسی رہنماؤں کا بھی احتساب ہونا چاہیے۔ شکریہ۔

Madam Deputy Speaker: Now I put the resolution to the House for voting.

(The motion was carried)

Madam Deputy Speaker: Now we move today's item No. 2. Mr. Mateeullah Tareen, Mr. Hazrat Wali Kakar, Mr. Fafiullah Kakar, Mr. Usman Jilani, Mr. Inam Ullah Marwat and Ms. Sharmeen Qamar would like to move a resolution. Mr. Mateeullah Tareen please move the resolution.

Mr. Mateeullah Tareen: Thank you Madam Speaker: I would like to move the following resolution that;

> "This House is of the opinion that immediate step shall be taken for the repatriation of Afghan refugees. The Residential and Proof of Registration cards issued to Afghan refugees had expired on 31 December, 2012. As decided by Tripartite Commission (2 delegates each from each from Afghan, Pakistan and UNHCR) the refugees repatriation should have started by the end of 2012 but this did not happen. Refugee camps have become safe heavens for the terrorist and banned outfits. These camps are producing manpower for the TTP and outlawed organizations. Moreover, they are burden on the limited health, education, water and sanitation facilities of the host community. Therefore, government shall take steps for the removal of Afghan refugee camps and their immediate repatriation".

میں اس بارے میں تھوڑی سی detail میں جانا چاہوں گا کہ how this whole did happens when a war a revolution that was followed by when Russia take over Afghanistan اور refugees کا ایک سیلاب پاکستان اور دوسرے ہمسایہ ممالک کی طرف گیا۔ اس میں about 3.4 million people initially migrated to Pakistan and settled near the Afghan border areas. Currently that number is a bit low. ان کے یہاں آنے سے کافی ساری ایسی چیزیں introduce ہوئیں، ان میں کلاشنکوف کلچر، ہیروئن اور دہشت گردی کا ایک سلسلہ شروع ہوا جسے اس ملک کے لوگوں نے پہلے کبھی نہیں دیکھا تھا۔ اس وقت کے ڈکٹیٹر نے اس سارے معاملے کو سیاسی رنگ دینے کے لیے جہاد اور Islamization کا process بھی شروع کیا اور افغانی لوگ actively اس process کا حصہ بنے۔ They have settled in many areas and

they have affected the social and economic lives of the whole community. They are a huge burden I must say on the limited resources of education, health water and sanitation. There are some evidences for what I have stated in my resolution that they are producing manpower for TTP. کوئٹہ میں آج سے چار پانچ ماہ پہلے القائدہ کے ایک Information Minister کو دو ساتھیوں سمیت گرفتار کیا گیااور just after 48 hours F.C کے جس کرنل نے یہ operation کیا تھا، اس کے گھر پر ایک خودکش حملہ کیا گیا،اس حملے میں ایک افغان مہاجر کا registration card بھی ملا۔ اس حملے میں کرنل صاحب تو بچ گئے کیونکہ اس وقت وہ گھر پر موجود نہیں تھے لیکن ان کے گھر والے اندر موجود تھے اور ان کی بیوی اس حملے میں شہید ہوگئیں۔

اسی طرح اور بھی بہت سارے evidences ملے ہیں۔ کچھ عرصہ پہلے UNHCR کے آٹھ اہلکاروں کو ransom کے لیے سرخاب کیمپ سے اغواء کیاگیا and there were proofs with police کہ اس کام میں Afghan refugees involve تھے and they succeeded in getting that ransom of twenty crore rupees i.e., a huge amount. I am stating these two stories that these camps are no more simple camps for us. یہ terrorism and drug lords کے لیے safe heavens بن چکے ہیں۔ ان safe heavens کے خلاف action لینے کی ضرورت ہے، انہیں مٹانے کی ضرورت ہے۔

میڈم سپیکر! For moving this whole resolution, UNHCR کی پالیسی اور افغانستان، پاکستان حکومتوں کی طرف سے بنائی جانے والی Tripartite Commission کی پالیسی کے تحت Afghan refugees کو 31st December, 2012 کے بعد واپس بھیجا جائے گا کیونکہ ان کے cards اس تاریخ کو ختم ہو گئے ہیں اور کمیشن نے فیصلہ کیا تھا کہ December 2012 کے بعد ان کو واپس اپنے ملک بھیجا جائے گا۔ So that forces have started and that process is very slow, اس تیز کرنے کی ضرورت ہے، اس پر مزید invest کرنے کی ضرورت ہے۔ UNHCR is doing a lot of jobs, وہ انہیں safe sides پر گھر وغیرہ provide کر رہے ہیں، انہیں financially بھی support کر رہے ہیں۔ So that process must be fasten اور حکومت کو اس حوالے سے اقدامات کرنے ضرورت ہے۔ We strongly request to the concerned authorities کہ وہ ان کیمپوں کی removal میں، Afghan refugees کی repatriation میں اور most importantly وہ علاقے جوان سے affect ہوئے ہیں، ان کی rehabilitation کے process میں مدد کرے۔

میڈم ڈپٹی سپیکر: جناب انعام اللہ مروت صاحب۔

Mr. Inam Ullah Marwat: Thank you Madam Speaker! I would like to let this House know about the sound facts and figures with respect to the Afghan refugees. At present, there are three million Afghan refugees in our country in which 0.8 million are residing in Balochistan, 2 million in KPK, FATA and various other parts. At present, there are three hundred plus Afghan refugees camps among which 70% are situated in KPK. Some of the famous camps are Jalozai Camp, Panian, Badabera, Sernan, Pir Alizai. It is interesting to know that among three million Afghan refugees 1.5 million refugees are registered with UNHCR and they have been issued proof of registration while the rest of Afghan refugees are just roaming in this country either without having any legal documents or with fake identity cards.

Madam Speaker! presence of these Afghan refugees in the areas just bordering Afghanistan really affecting those areas and these camps are proving to be safe heavens for terrorists that’s why concrete steps should be taken in this regard for the repatriation of Afghan refugees. Thank you.

Madam Deputy Speaker: Mr. Hazrat Wali Kakar *sahib*.

جناب حضرت ولی کاکڑ: شکریہ، میڈم سپیکر!ہم مطیع اللہ صاحب کی resolution کے بارے میں بات کر رہے ہیں۔ میڈم سپیکر! یہ بات بالکل ٹھیک ہے کہ یہ کیمپ مختلف حوالوں سے ہمارے لیے burden بنے ہوئے ہیں۔ ہم کس وجہ سے یہ resolution لے کر آئے ہیں؟ وہ کون سے ایسے factors ہیں جو آج اس ایوان کو مجبور کر رہے ہیں کہ ہم اس بارے میں سوچیں؟ جنگ کے دوران یہ human rights کا ایک قانون ہے کہ آپ اپنے ملک سے دوسرے ملک میں move کر سکتے ہیں، ہم نے اس چیز کو accept کر لیا تھا، ہم نے 80s میں افغان مہاجرین کو اپنے ملک میں جگہ دی لیکن ایسا بھی نہیں ہونا چاہیے کہ وہ ہماری community کے لیے burden بنیں۔ اس کے لیے ہمیں steps لینے ہوں گے۔ جب ان کا وقت ختم ہو گیا تو ہمیں تمام متعلقہ authorities سے یہ درخواست کرنی چاہیے کہ افغان مہاجرین پاکستان میں جہاں بھی ہوں خاص کر بلوچستان، خیبر پختونخوا اور فاٹا میں، ان لوگوں کی safe repatriation کس طرح ہو سکتی ہے؟ وہ اس طرح ہو سکتی ہے کہ اس معاملے میں آپ کے ساتھ جو international community UNHCR کے حوالے سےہے وہ انہیں safely اپنے ملک shift کر دے اور انہیں اُن علاقوں میں جگہ دی جائے جو محفوظ ہوں۔ شکریہ۔

میڈم ڈپٹی سپیکر: محترم رفیع اللہ کاکڑ صاحب۔

Mr. Rafi Ullah Kakar: Thank you Madam Speaker, I have nothing to say because they have said already. Thank you.

Madam Deputy Speaker: Mr. Usman Jilani.

جناب عثمان جیلانی: شکریہ، میڈم سپیکر! اس وقت 30 June تک جو voluntarily repatriation ہو رہی ہے اور جو بھی افغانی واپس جا رہا ہے، اسے 150 US$ بھی دیے جارہے ہیں۔ افغانی یہ پیسے لیتے ہیں اور افغانستان چلے جاتے ہیں لیکن دو تین دن وہاں رہ کر واپس پاکستان آجاتے ہیں، اس چیز کو روکنے کے لیے بھی کوئی step اٹھانا چاہیے۔ اس وقت ہمارے ملک میں law and order کی situation بنی ہوئی ہے، افغانی drug trafficking, smuggling, organize crime and kidnapping for ransom میں directly involve ہیں۔ یہ لوگ پاکستان کو destroy کر رہے ہیں۔ اس وقت ملک کی موجودہ law and order کی situation کو ٹھیک کرنے کے لیے افغانیوں کو واپس ان کے ملک بھیجنا ہو گا کیونکہ we have had enough of them. ہم نے انہیں تیس سالوں تک اپنے پاس مہمانوں کی طرح رکھا، ان کی مدد کی لیکن اب ہماری بھی برداشت کی حد ہے اور وہ اس حد کو عبور کر چکے ہیں۔ ہمیں چاہیے کہ افغان مہاجرین کو جلد از جلد repatriate کر دیا جائے۔ شکریہ۔

میڈم ڈپٹی سپیکر: محترمہ شمیم قمر صاحبہ۔ محترمہ سونیا ریاض صاحبہ۔

محترمہ سونیا ریاض: شکریہ، میڈم سپیکر! I am totally agreed with this resolution. میں ایوان کے ساتھ اپنا تھوڑا سا personal experience share کرنا چاہوں گی کیونکہ being as doctor with UNHCR I have worked in the same Afghan refugee camps, میں نے سرنام اور سرخاب کیمپ جو بلوچستان میں، وہاں کام کیا ہے، سرنام کیمپ is one of the biggest camp of Afghan refugees. اس وقت وہاں کی آبادی نوے ہزار سے پچانوے ہزار کے درمیان ہے۔ وہاں اتنے زیادہ لوگ رہ رہے ہیں۔

اس resolution کے حوالے سے میں کہنا چاہوں گی کہ یہ بہت اچھی ہے اور میں وہاں پر کام کرنے کے بعد اپنے experience کو اس طرح share کروں گی، first of all میں یہ کہوں گی کہ anyone who is living in Pakistan and

who is taking benefits from Pakistan and he/she is against Pakistan, I really can not tolerate that person and I think we all should not tolerate that person and we should not. وہ لوگ جو افغان مہاجرین ہیں، ہم نے انہیں رکھا اوراس کے بعد ہم بہت مشکلات میں پھنس گئے اور بہت سے نقصانات اٹھائے۔ Still those people are against Pakistan, وہ پاکستان کے خلاف بات کرتے ہیں، وہ پاکستان کے لیے مشکلات پیدا کرتے ہیں اور وہ اس طرح کے کام کرتے ہیں کہ پاکستان کے لیے مزید مشکلات پیدا ہوں، مثال کے طور پر اس resolution میں کہا گیا کہ تعلیم، صحت پانی وغیرہ کے حوالے سے وہ ہم پر burden ہیں تو یہ سچ ہے۔ اگر ہم صحت کی بات کریں تو ہم نے ان کے لیے وہاںBHUs بنائے ہوئے ہیں اور ان میں ہم انہیں ادویات مفت مہیا کرتے ہیں، انہیںeach and every health facility free مل رہی ہے،even single tablet بھی انہیں مفت دی جاتی ہے۔ اگر کوئی دوا ختم ہو جائے یا انہیں نہ ملے تو وہ جھگڑا بھی کرتے ہیں، BHU میں آکر توڑ پھوڑ کرتے ہیں اور ہم سے لڑنا جھگڑنا شروع کردیتے ہیں ڈاکٹروں اور عملے کے لوگوں کو threat کرتے ہیں۔ جب ہم وہاں پولیو کی مہم شروع کرتے ہیں تو بھی ان لوگوں کی طرف سے ہمیں threats ملتے ہیں، ابھی بات ہوئی کہ انہوں نے UNHCR کے کچھ لوگوں کو اغواء کیاI was also among those members لیکن اس وقت ہمارے عملے کے لوگ سرخاب کیمپ جارہے تھے تو ان کی گاڑی کو اغواء کیا گیا، fortunately that day I went to Saranam کیونکہ میں سرخاب نہیں گئی اور اغواء ہونے سے بچ گئی۔ اس بارے میں ہمیں پتا چلا کہ جن طالبان نے ہمارے لوگوں کو اغواء کیا تھا ان میں اسی سرخاب کیمپ کے کچھ مہاجرین شامل تھے جن کے ان کے ساتھ personal relations تھے اور انہوں نے اُن لوگوں کے ساتھ مل کر ہمارے خلاف یہ منصوبہ بنایا in fact Pakistan کے خلاف یہ plan بنایا گیا۔ یہ وہ لوگ تھے جو انہیں صحت کی سہولیات دینے کے لیے اتنی دور جا رہے تھے۔

میڈم سپیکر! میں اس کے علاوہ ایک تجویز یہ دینا چاہوں گی کہ ہمارا اتنا بجٹ جو ان BHUs کو facilitate کرنے کے لیے، ان لوگوں کو facilitate کرنے کے لیے use کیا ہو رہا ہے جبکہ ہمارے اپنے interior کے علاقے خود اتنے deprived and poorly facilitated ہیں کہ اگر ہم ان لوگوں کو ان کے وطن واپس بھیج دیں اور اپنے ان علاقوں کی rehabilitation start کریں اور اپنے لوگوں کو صحت اور تعلیم کی سہولیات دیں تو اس سے ہمارا ملک مضبوط ہو گا اور ہم اپنے لوگوں کو مضبوط کریں گے۔

اس کے علاوہ میں ایک اور بات کرنا چاہتی ہوں کہ ان لوگوں کو واپس بھیجنا اس لیے بھی ضروری ہے کیونکہ انہوں نے پاکستان کا negative image create کرنے میں کوئی کمی نہیں چھوڑی ہے۔ میں نے خود observe کیا اور دیکھا ہے کہ ان کےپاس ہر طرح کا اسلحہ موجود ہے۔ وہ طالبان جو افغانستان سےآتے ہیں، یہ ان لوگوں کو اپنے گھروں میں پناہ دیتے ہیں، نہ صرف انہیں پناہ دیتے ہیں بلکہ انہیں support بھی کرتے ہیں اور یہ چیز پاکستان کے لیے کسی بھی وقت مزید نقصان دہ ثابت ہو سکتی ہے۔ ایک اور بات یہ ہے کہ اب کچھ Afghan refugees ایسے ہیں جن کے میں نے خود شناختی کارڈ دیکھے ہیں اور انہیں local certificate بھی issue ہوئے ہیں، اس طرح وہ اب پاکستانی شہری اور بلوچستان کے مقامی بھی کہلائے جائیں گے۔ اس لیے as soon as possible ان لوگوں کو واپس بھجوایا جائے ورنہ اگر ہر کسی کے پاس شناختی کارڈ جاری ہو گیا اور ہر کسی نے مقامی سرٹیفکیٹ حاصل کر لیا تو پھر ان لوگوں کو یہاں سے نکالنا مشکل ہو جائے گا۔ حکومت کو چاہیے کہ وہ اس چیز کو recheck کرے اور دیکھے کہ اگر وہ یہاں کے مقامی لوگ نہیں ہیں تو انہیں شناختی کارڈ اورlocal certificate کیسے مل گئے۔ شکریہ۔

میڈم ڈپٹی سپیکر: محترم ارسلان علی صاحب۔

جناب ارسلان علی: شکریہ، میڈم سپیکر! میں اس resolution کو fully endorse کرتا ہوں لیکن میں ایک چیز clear کرنا چاہوں گا کہ یہاں کہا جا رہا ہے کہ افغان مہاجرین only benefiting from Pakistan جبکہ یہ غلط نظریہ ہے، they are not only benefiting from Pakistan, they are also benefiting Pakistan. کراچی میں ٹرانسپورٹ کا پورا کاروبار افغان مہاجرین چلا رہے ہیں۔ چائے وغیرہ کے ہوٹل، کچرہ اٹھانے والے اور اسی طرح بہت سے دوسرے کام افغان مہاجرین کر رہے ہیں۔ ہمیں ان کے alternate ذرائع دینے ہوں گے۔ کہا جاتا ہے کہ یہ مہاجرین کیسے آئے، جب یہ لوگ آئے تو ان کے لیے ہمیں پیسے بھی ملتے رہے اور حکومت کو بتانا چاہیے کہ ہمیں ان کے لیے aid بھی ملتی رہی ہے،one sided picture نہ دکھائی جائے۔ ان لوگوں کو یقیناً واپس افغانستان جانا چاہیے لیکن ان لوگوں نے پاکستان کو جو فائدے دیے ہیں انہیں بھی نظر انداز نہیں کرنا چاہیے۔ شکریہ۔

میڈم ڈپٹی سپیکر: محترمہ زیب لیاقت صاحبہ۔ جناب ہاشم ملک صاحب۔

جناب ہاشم ملک: شکریہ، میڈم سپیکر! میں اس resolution کو endorse کرتا ہوں لیکن میں دو چیزوں کی طرف توجہ مبذول کروانا چاہوں گا۔ پہلی چیز تو یہ کہ افغان مہاجرین کیمپوں میں تو رہ ہی رہے ہیں، جن مہاجرین کی presence settled areas جیسے اسلام آباد اور کراچی میں ہے ان لوگوں کو واپس مہاجر کیمپوں کی طرف move کروانا بھی ضروری ہے کیونکہ at the moment جو افغان مہاجرین اس وقت کیمپوں میں رہ رہے ہیں ان کی اچانک expulsion ممکن نہیں ہو گی، یہ چیز gradually ہو گی.which might take a few years اس دوران ہمیں چاہیے کہ ہم اسلام آباد اور کراچی کے settled areas جہاں یہ لوگ رہائش پزیر ہیں، انہیںgradually refugees camps میں move کریں کیونکہ کچھ طالبان لیڈر مثلاً Mullah Brother was arrested from Karachi from Afghan locality. جب وہاں اس طرح کے elements موجود ہوں گے تو وہ بھی ہمارے لیے خطرہ ہیں۔

میڈم سپیکر! دوسری چیز یہ ہے کہ just for the record یہ افغان مہاجرین جو آج ہمیں تکلیف محسوس ہو رہے ہیں، یہ شاید ہماری ہی کچھ ایسی policies کا نتیجہ ہیں جن کی وجہ سے آج یہ مہاجرین بن کر ہمارے ملک میں آئے ہیں۔ ہمیں اس چیز کو بھی acknowledge کرنا چاہیے کہ ہم نے کسی اور ملک کی تقدیر بدلی جو غلط تھی اور ہماری strategic depth کی policy کی وجہ سے ہمیں suffer کرنا پڑا، اس لیے ہمیں اپنی غلطیوں کا بھی احساس کرنا چاہیے صرف ان پر تنقید نہیں کرنی چاہیے۔ شکریہ۔

میڈم ڈپٹی سپیکر: محترمہ سطوت وقار صاحبہ

Ms. Sitwat Waqar: Thank you Madam Speaker, I totally endorse this resolution

اور انہوں نے جتنے بھی points پر بات کی ہے، I agree with all of them کیونکہ ان مہاجرین کی وجہ سے ہماریeconomy پر بڑا burden پڑا ہے،especially KPK کے علاقے میں کیونکہ وہاں انہوں نے کافی pollution بھی create کی تھی۔ They really don't know how to be lived. ان لوگوں نے وہاں بہت گندگی پھیلائی تھی and it was a big issue in Peshawar. ہماری economy پر ان کا بوجھ پڑا اور ہماری economy can not sustain any more, ہمارے ہاں بے روزگاری کا مسئلہ پیدا ہو گیا۔ افغانی ہمارے لوگوں کی جگہ نوکریاں کرنے لگ گئے۔ اس کے علاوہ ایک اہم بات یہ ہے کہ اگر ان کی 31st December, 2012 کو expiry ہو گئی تھی تو اس کے بعد ایک procedure شروع ہو جانا چاہیے تھا۔ I

think that coming government should do this thing this year immediately because we don’t know about the scenario after 2014. ابھی کوئی چیزclear نہیں ہے، وہاں civil war شروع ہو جاتی ہے یا پتا نہیں کیا صورت حال ہوتی ہے، اگر وہاں سے مہاجرین کا اور threat آگیا تو Pakistan can not afford more refugees at the moment. اس لیے نئی آنے والی حکومت اس مسئلے پر جلد کوئی نہ کوئیstep لے جیسے ہاشم نے کہا کہit might take many years. اس لیے یہ چیز جتنی جلدی شروع ہو جائے وہ پاکستان کے لیے بہتر ہے۔ شکریہ۔

میڈم ڈپٹی سپیکر: محترمہ نبیلہ جعفر صاحبہ۔

محترمہ نبیلہ جعفر: شکریہ، میڈم سپیکر! افغان مہاجرین جو خیبر پختونخوا اور فاٹا میں رہتے ہیں، ان کے حوالے سے ابھی ایک figure about two million بتائی گئی ہے، میں آپ لوگوں کے knowledge میں لانا چاہوں گی کہ یہ لوگ نہ صرف مہاجر کیمپوں میں رہتے ہیں کیونکہ یہ کیمپ شاید اتنے بڑے نہیں ہیں، یہ لوگ societyکے اندر penetrate ہو چکے ہیں۔ اگر آپ پشاور کے middle class residential areas مثلاً حیات آباد، ڈیفنس، یونیورسٹی ٹاؤن وغیرہ میں جائیں تو ان علاقوں میں افغان مہاجرین بہت بڑی تعداد میں رہائش پزیر ہیں۔ یہ وہ لوگ نہیں ہیں جو کیمپوں میں رہ رہے ہیں کیونکہ یہ afford کر سکتے ہیں، ہم ایک طرح سے کہہ سکتے ہیں کہ یہ لوگ بھی ہماری health and education facilities پر بوجھ ہیں۔ میں یہ بھی کہنا چاہتی ہوں کہ فاٹا میں sectarianism or militancy کے جو مسائل شروع ہی تب ہوئے ہیں جب افغان مہاجرین خوست کے علاقے سے پاکستان آئے جو پاکستانی سرحد کے قریب ہے۔ان لوگوں کا دنیا کاexposure نہیں ہے اس لیے انہیں آسانی سے exploit کیا جاسکتا ہے۔ ہماریmilitant organizations سب سے زیادہ target and focus انہی علاقوں میں کرتی ہیں۔ میں اپنے علاقے کرم ایجنسی کی بات کرنا چاہوں گی کہ ہمارے central Kurram کے علاقے پر سارا قبضہ افغان مہاجرین نے کیا ہوا ہے اور وہاں کے مقامی لوگوں کو نکال دیا گیا اور دوسری جگہوں پر بھیج دیا گیا، ان کی جائیدادوں پر قبضہ کر لیا، ان کے کاروبار پر قبضہ کر لیا اور اب کہا جاتا ہے کہ یہ مہاجرین وہاں کے residents ہو گئے ہیں۔ وہ اب بھی ہمارے لیے problems create کرتے ہیں، وہ اس سڑک کو against local people as a weapon use کرتے ہیں۔

میڈم سپیکر! میں ایک اور بات کہنا چاہوں گی کہ وہ لوگ ہماری society میں intermingle اس طرح بھی شامل ہو چکے ہیں کہ ان کے رشتے مقامی لوگوں میں ہو چکے ہیں، اس لیے اس چیز کو مزید روکنے کے لیے ان لوگوں کو واپس بھیج دینا ہی بہتر ہے۔ شکریہ۔

میڈم ڈپٹی سپیکر: محترم نجم الثاقب صاحب۔

جناب نجم الثاقب میمن: شکریہ، میڈم سپیکر! I totally agree with my fellow parliamentarians. وہ ہمارے پاس مہمان بن کر آئے تھے لیکن اب بہت ہو گیا۔ انہوں نے پاکستانی society کو جتناshatter کیا، انہوں نے پاکستانی society کو جو نقصانات پہنچائے میرے خیال میں کوئی اور اتنا نقصان نہیں دے سکتا۔ کراچی کے حالات ان ہی کی وجہ سے بگڑتے ہیں۔ انہوں نے مختلف کاروبار پر قبضہ کر لیا ہے اور اس کے علاوہ پاکستان کی concerned authorities e.g., NADRA ect., نے بھی انہیں illegally support کیا ہے۔ انہوں نے افغانی لوگوں کو شناختی کارڈ issue کر کے انہیں permanent residential status دے دیا۔ اب ان کو یہاں سے نکالنا ہمارے لیے بہت مشکل ہو گیا ہے لیکن پھر بھی میں یہ

گزارش کروں گا کہ ان لوگوں emergency basis پر یہاں سے نکالنا چاہیے کیونکہ یہ پاکستان کے حق میں بہتر ہو گا اور پاکستان کا international status especially Karachi کا status ان کی وجہ سے خراب ہوا ہے، وہ بہتر ہو گا۔ شکریہ۔

میڈم ڈپٹی سپیکر: محترم مطیع اللہ صاحب۔

جناب مطیع اللہ ترین: شکریہ، میڈم ڈپٹی سپیکر! میں صرف ایک point clear کرنا چاہتا ہوں کہ اپوزیشن کے ایک ممبر نے کہاتھا کہ انہوں نے ہمیں بہت سے economic benefits دیے ہیں، ان کےلیے عرض ہے کہ UNHCR, UNDP, Government of Pakistan اور بہت ساری international NGOs کی reports آئی ہیں اور ان میں یکطرفہ point ہے کہ ہمیں جتنےeconomic benefits ملے ہیں ان سے کئی گنا زیادہ economically نقصان ہوا ہے and economically they are a huge burden on our society. Thank you.

میڈم ڈپٹی سپیکر: محترم کاشف علی صاحب۔

جناب کاشف علی (قائد حزب اختلاف): شکریہ، میڈم سپیکر! I am actually thankful for brining such a timely resolution and I completely endorse it. میری اس بارے میں کچھ reservations ہیں I will call them contentions اور وہ already raise کی گئی ہیں۔ میرے خیال میں کسی issue کو highlight کرنا easy ہے لیکن اس کے لیے solution دینا more important ہے۔ ہمیں دیکھنا پڑے گا کہ یہ refugees کس حساب سے آئے ہیں؟ ان میں کافی لوگ باقاعدہ register ہوئے ہیں، a lot of people have hold NIC given by the Pakistani government but there are a lot of more refugees which have come through un-register اور یہ چیز porous border کی وجہ سے ہے۔ یہ بہت اہم معاملہ ہے اس لیے میں حکومت سے مطالبہ کروں گا کہ اس بارے میں کوئی mechanism and solutions دی جائیں کہ کیا کرنا ہے؟

میڈم سپیکر! ہمیں یہ چیز بھی realize کرنی چاہیے اور جیسے محترمہ نبیلہ نے very important issue point out کیا کہ یہ افغان مہاجرین صرف خیبر پختونخوا یا FATA کے علاقے میں نہیں ہیں، they are part of the Sindh province, they are part of the Punjab province, they have penetrated into Karachi. So how would you get out them? اس لیےمیں اس کو endorse کرتا ہوں but at the same time I also would request those who have put forward this resolution کہ وہ ایک sort of mechanism بتائیں کہ یہ سب کچھ کیسےimplement ہو گا اور اس کی solutions کیا ہیں؟ شکریہ۔

میڈم ڈپٹی سپیکر: محترم وزیراعظم صاحبہ۔

محترمہ انعم آصف(وزیراعظم یوتھ پارلیمنٹ): شکریہ، میڈم سپیکر! سب سے پہلے میں ایک چیز clear کرنا چاہوں گی کہ اس وقت بات آپ کی national security کی ہو رہی ہے۔ اب تین ملین لوگوں کے لیے ایک سو اسی ملین لوگوں کو risk پر نہیں لیا جا سکتا۔ جناب ہشام صاحب نے بالکل ٹھیک کہا کہ ہماری ہی کچھ polices کی وجہ سے یہاں refugees آئے یا ہمارے ہی کچھ ایسےsteps تھے جن کی وجہ سے ہم نے انہیں اپنی society میں اس طرح رہنے دیا، اس لیے اگر وہ یہاں رہ رہے ہیں تو اس کے ہم ہی ذمہ دار ہیں۔ اس وقت اگر ہم یہ کہہ دیں کہ انہیں واپس بھیج دیا جائے کیونکہnow they are burden تو اس طرح کہنا بھی ٹھیک نہیں ہو گا۔ ہم صرف اس point پر یہ resolution present کر رہے ہیں کہ ہمیں اپنی national security کو سب سے اوپر رکھنا ہے، we have preferred our national security over all the issues, over all our mistakes which we have done in the past, اس کے لیے اہم یہ ہے کہ ہم کسی nation کو target نہیں کر رہے۔ محترمہ سطوت وقار صاحبہ کی طرف سے ایکsort of allegation آیا تھا کہ انہیں رہنے سہنے کا طریقہ

نہیں آتا،they have polluted the environment تو کسی قوم کو اس طرح target کرنا اور یہ کہنا کہ انہیں رہنا سہنا نہیں آتا۔ ہم یہاں صرف اس چیز پر بات کر رہے ہیں کہ ہم نے اپنی national security کو importance دینی ہے، ہم نے لوگوں نے غلط پالیسیوں یا اچھی نیت کی وجہ سے افغان مہاجرین کو یہاں رکھا، we have supported them and now it is the time کہ ان کے لیے بہتر یہی ہے کہ ہم انہیں واپس بھیج دیں۔

میڈم سپیکر! اس resolution میں repatriation کا ایک اہم لفظ استعمال کیا گیا ہے، it means we have not just thrown them back ہمیں وہاں بھی اس چیز کو ensure کرنا ہے کہ اگر ہم انہیں واپس بھیج رہے ہیں we have to ensure کہ وہ وہاں کیسے رہیں گے؟ We can not just take of our responsibility out of them, وہاں انہیں economically کیسے support کرنی چاہیے، آپ انہیں وہاں بھیج کر ان کی مدد کر سکتے ہیں، صرف یہاں سے بھیج کر اپنے آپ کو اس ذمہ داری سے ہٹا نہیں سکتے۔ دوسری بات یہ ہوئی تھی کہ کراچی میں جتنے بھی professions ہیں، افغان مہاجرین کےeconomic benefits کی بات ہوئی کہ انہوں نے وہ بھی دیے۔ People are living there وہ کتنی دیر آپ کی امداد پر رہ سکتے ہیں؟ کیا آپ نے اس چیز کو ensure کیا کہ وہ آپ کیnational stream کا حصہ نہ بن پائیں؟ کیا آپ انہیں اس طرح fully support کر پائے کہ اس دوران انہیں کسی روزگار کی طرف نہ جانا پڑے؟ وہ آپ کو کوئی economic support provide نہیں کر رہے تھے بلکہthey are trying to make their living on self کیونکہ آپ نے انہیں وہ facility ہی نہیں دی۔ آپ انہیں صرف اس بنیاد پر یہاں نہیں رکھ سکتے کہ وہ یہاں رکشہ چلا رہے ہیں یا پان کی دکان چلا رہے ہیں، they are making living for themselves, اس لیے یہ economic benefit consider نہیں کیا جائے گا۔ ہمارا major issue ہماری national security ہے، اس چیز کو غلط طریقے سے استعمال کیا جا رہا ہے یہexternal threat ہے۔ ہم اس لیے یہ resolution لے کر آئے ہیں کہwe want this thing to happen immediately کہ جتنی جلدی ممکن ہو سکے ہم ان مہاجرین کو واپس ان کے گھروں میں safely بھیجیں اور یہ ensure کیا جائے کہ وہاں وہ اچھی طرح رہ سکیں۔

میڈم سپیکر! ہاں !اس میں وقت لگے گا آپ نے اتنے سارے لوگوں کو یہاں رکھا ہوا ہے، immediately آپ انہیں واپس نہین بھیج سکتے but need of the hour is that to devise a strategy. ہم لوگ یہ کہنا چاہتے ہیں کہ آپ پہلے اس چیز کو ensure کریں کہ آپ کے پاس کتنے لوگ register ہیں اور کتنے لوگ آپ کے پاس آئے تھے؟ First of all, you have to make this list اور پھر اسی کے مطابق جن لوگوں کو 2012 کے بعد چلے جانا چاہیے تھا on priority basis sent them back کیونکہ وہ آپ کے record میں ہیں۔ In the meanwhile آپ اس چیز کا record collect کریں کہ اس وقت معاشرے میں ان کی کیا position ہے اور each ہم once this resolution has been passed, we will work on the strategy in the Bill, and every situation کے بارے میں بتائیں گے کہ کس طرح ان لوگوں کو safely واپس بھیجا جا سکتا ہے تاکہ آپ کی national security پر کوئی حرف نہ آئے۔ ہم ان سے employment opportunities چھین نہیں رہے Our party completely endorsed this resolution and we want these things to happen immediately.

Madam Deputy Speaker: Now I put this resolution to the House for voting.

(The motion was carried)

Madam Deputy Speaker: Ms. Sitwat Waqar, Mr. Najam-u-Saqib Memon and Mr. Ejaz Sarwar would like to move a resolution. Ms. Sitwat Waqar please move item No. 3.

Ms. Sitwat Waqar: I would like to move a resolution that;

"This House is of the opinion that the province of Balochistan has been very poorly handled by the consecutive governments of Pakistan that came to power ever since its annexation and failed to realize its value. As a result of which there is a growing insurgency leading to not only extreme dissatisfaction but also separatist sentiments among the Baloch people. This side of the House demands that the coming government take all measures to earn the goodwill of the people of Balochistan and resolve their grievances".

میڈم سپیکر! ہم دیکھتے ہیں کہ جب سے بلوچستان کی پاکستان کے ساتھ annexation ہوئی ہے اور جو بھی حکومتیں اقتدار میں آئی ہیں، انہوں نے ایک ہی صوبے بلوچستان کو neglect کیا۔ We have history which shows that Balochistan کو تمام حکومتوں نے جب سے اسے1972 میں صوبہrecognize کیا گیا، اس کے political right کو acknowledge نہیں کیا اور لگاتار اسے neglect کیا جاتا رہا۔ ہم لوگوں کو ایک چیز realize کرنی چاہیے کہ Baloch people have their own culture, وہاں سرداری نظام ہزار سال سے چلا آرہا ہے۔ اگر آپ ایک علاقے کے کلچر کی sanctity کا خیال نہیں کریں گے، آپ وہاں کے کلچر کو use of force سے replace کرنے کی کوشش کریں گے لیکن آپ اس میں اتنےsuccessful نہیں ہو سکیں گے کہ آپ وہاں ایک اچھا system لا سکیں۔ So what are you leading all to, you are leading turning to a chaos right nothing else and this is what the governments have done, especially اس کا climax

تب ہوا جب ہماری حکومت 1997 to 2007 جس کا نام میرے ساتھیوں نے بھی لیا۔ اس وقت اکبر بگٹی کا قتل ہوا تھا

that was the climax of this period when the Baloch people realize that the central government is not going to listen to them, is not going to engage in the negotiating process with the Sardars and people at all and this is definitely led to extreme dissatisfaction of the people and even separatist movements and separatist elements. I would like to bring the House for importance of Balochistan. Right now Balochistan is one of the four provinces and we need to take care of it but there is a reason as well why we need to take care of it is well?

میڈم سپیکر! صرف یہ نہیں کہ بلوچ ہمارے بہن بھائی ہیں، ہم ان کی مدد کریں۔ اگر حکومت کسی اور چیز سے convince نہیں ہوتی

look at the so many aspects, so many advantages that this province has. There are three major aspects to focus on is the geo-strategic importance of Balochistan. Balochistan has a boundary with Arabian Sea, we have the Gwadar sea port which is the largest deep sea port of the world. It gives access to many other countries, which are Central Asian States, China and Russia. Over the history we have seen that these powers including the USA have shown interest in this region because as we have seen Afghanistan war has been going on since so long. We have seen that these countries have shown interest in this region. It is the nexus between Middle East, Central Asia and South East Asia.

بلوچستان کے بارے میں بہت سےwestern sources نے research کی ہے کہ Gwadar Port can become the 21st century trade route to China, to Central Asia and to Africa as well from the land locked countries. It has so much importance جس پر western sources نے کافی interest لیااور وہ اس پر کافی research کر چکے ہیں but our government has to fail to realize its value. Not only that ہمارے بلوچستان میں بہت سارےproven untapped resources ہیں، I will tell you a little bit کہ وہاں کوئلے کے بہت سے ذخائر ہیں،petroleum, gold, copper reserves کو ریکوڈک میں ہیں and their worth $260 billion and they have been proven to be $260 billion. اس کے علاوہ Gwadar Port is only 180 nautical miles

away from the state of Bahamas which leads to the Persian Gulf and even Shahbahar Port which is a Iranian port, its not even competent when it comes to the Gwadar Port because I have mentioned that this is the largest deep sea port in the world. Deep sea port سے مراد ہے کہ آپ large trawlers کو accommodate کر سکتے ہیں and obviously Iran کا Shahbahar Port fills intimidated by the prospects of this Gwadar Port will have.

ان تمام باتوں سے ہمیں پتا چلتا ہے کہ بلوچستان کی کتنی زیادہ value ہے جو کہ Western and other European world has realized already. ہماری مرکزی حکومتوں نے over and over again force use کی ہے rather than opting for diplomatic talks and negotiations with the people of Balochistan, ہم لوگوں نے force کو استعمال کیا ہے۔ اگر آپ طالبان اور دوسرے لوگوں کی بات کرتے ہیں، اگر آپ ان پر force use کریں because they are threat to our nation and they are threat to our national security that could be one thing, that is still debatable because use of force لوگوں کو convince نہیں کر سکتی، اس کی وجہ سے separatist movements زیادہ شروع ہو جاتی ہیں، اس سے زیادہ insurgency and dissatisfaction شروع ہو جاتی ہے۔ یہ ہمارے بلوچی بہن بھائی ہیں، یہ ہمارا ایک صوبہ ہے جس کی سوئی گیس تمام صوبے استعمال کرتے ہیں اور اس کی royalty کامسئلہ ہمیشہ سے رہا ہے۔ ہم نے ان کے ساتھ کبھی fully negotiations نہیں کیں۔ اگر ہم بلوچستان کی value دیکھ لیں، اگر ہم for earning the goodwill of the people of Balochistan rather than opting for force, ہم ان کے ساتھ مذاکرات کریں، سرداروں کے ساتھ بیٹھیں، انہیں political process میں لائیں تاکہ انہیں feel ہو کہ we are part of Pakistan, we are part of the political process, we are part of the developing process of their process as well as the entire country. It is true that Sardars over there want to maintain their statuesque there. Pakistani government should take a very tactful and a gradual process to counter this issue. آپ کو اپنے لوگوں میں unity لانی ہے، آپ نے اپنے مسائل حل کرنے ہیں تاکہ اس علاقے میں جتنی insurgency آگئی ہے، اسے foreign elements کس طرح utilize کر رہے ہیں؟ اسے کتنا fuel کر رہے ہیں؟ USA کے House of Representatives میں congressional hearings ہو رہی ہیں اور resolution discuss ہو رہی ہے کہ بلوچستان کو self-determination کا حق دیا جائے۔ اس میں حکومتِ پاکستان کو involve نہیں کیا جارہا۔ Western think tanks are proposing that UN بلوچستان میں ایک ریفرنڈم کا انتظام کرے کہ یہاں right of self-determination ہونا چاہیے یا نہیں without incorporating Pakistani government in this. If other countries are taking so much interest and exploiting insurgency اس لیے اس معاملے پر آنے والی نئی حکومت کو ایک stance لینا چاہیے کہ اب ہم اپنے بلوچستان کے مسائل کو حل کریں گے کیونکہ in the 21st century Balochistan کا مسئلہ بہت زیادہ out of hand جا سکتا ہے۔ شکریہ۔

میڈم سپیکر: شکریہ، محترم اعجاز سرور صاحب۔

جناب محمد اعجاز سرور: شکریہ، میڈم سپیکر! محترمہ سطوت وقار صاحبہ نے جیسے بتایا کہ بلوچستان میں کتنا economic and strategic potential ہے اور پاکستان کے لیے یہ بہت important ہے لیکن افسوس کی بات یہ ہے کہ اس کی اتنی importance ہونے کے باوجود ہم نے بلوچستان کے ساتھ کیا کیا ہے؟ ہم لوگوں نے بلوچستان کے ساتھ ظلم، زیادتی، قتل عام اور پسماندگی کے علاوہ کچھ نہیں کیا۔ اگر ہم تاریخی طور پر دیکھیں تو بلوچستان کے خلاف کئی operations کیے گئے، 1948, 1958, 1966 اور اس کے علاوہ 1973 سے لے کر 1976 تک بھٹو صاحب کے دورِ اقتدار میں operation کیا گیا، ان operations نے insurgency کے جو بیج بوئے، ہم اس کی فصل آج تک کاٹ رہے ہیں۔ اس کے

علاوہ 2005 میں ڈیرہ بگٹی میں جو operation کیا گیا اور نواب اکبر بگٹی کو قتل کیا گیا، اس کے بعد بلوچستان کا مسئلہ totally out of control لگ رہا ہے۔ ہماری آنکھیں ساٹھ سال بعد کھلی ہیں کہ یہ مسئلہ بہت بڑھ گیا ہے اور اب ہم نے اسے سیاسی طور پر حل کرنا ہےبلوچستان میں missing persons کا مسئلہ آپ کے سامنے ہے کہ بلوچ نوجوانوں کو قتل کیا جا رہا ہے، بلوچ نوجوان مایوس ہو کر پہاڑوں پر چلے گئے ہیں، وہ حکومت کے ساتھ مذاکرات کرنے کے لیے تیار ہی نہیں ہیں۔ بلوچستان میں 2013 کے الیکشن ہونے جا رہے ہیں لیکن یہ ایوان جانتا ہے کہ وہاں freedom of expression کتنا ہے؟ وہاں establishment کا کتنا control ہے؟ وہ کس طرح وہاں کے الیکشن کو manipulate کرتے ہیں۔ ہمیں اس بات کو بھی ensure کرنا ہے کہ بلوچستان میں free and fair election ہوں اور یہ وقت کی اہم ضرورت ہے۔ اب ہم نے military solution کے بجائے political solution کی طرف جانا ہے۔ تاریخی طور پر یہ رہا ہے کہ بلوچستان کے مسئلے کو سیاسی طور پر حل نہیں کیا گیا بلکہ use of force کے ذریعے حل کیا گیا ہے۔ ہمیں باربار یہ کہا جاتا ہے کہ civilian institutions نہیں جانتے کہ national interest کیا ہے۔ ابھی ہم نے بتانا ہے کہ ہمارا national interest کیا ہے۔ ہمارا national interest یہی ہے کہ ہم بلوچستان کے مسئلے کو پرامن سیاسی طور پر حل کریں اور اگلی آنے والی حکومت کو چاہیے کہ وہ political will کا مظاہرہ کرے، یہ مسئلہ صرف political will سے ہی حل ہو گا۔ آغاز حقوق بلوچستان package بھی آیا لیکن political will نہ ہونے کی وجہ سے وہ بھی کامیاب نہیں ہو سکا۔ آنے والی حکومت کو اس اہم مسئلے کو consider کرنا چاہیے اور اسے حل کیے بغیر ہماری بقا، ہماریsecurity ممکن نہیں ہے۔ شکریہ۔

میڈم ڈپٹی سپیکر: محترم حضرت ولی کاکڑ صاحب۔

جناب حضرت ولی کاکڑ: شکریہ، میڈم سپیکر! میں being a member of Blue Partyاس resolution کو fully endorse کرتا ہوں۔ اس بارے میں میری کوئی reservations تو نہیں ہیں لیکن جس طرح ہونا چاہیے اور جس طرح کی بات کرنی چاہیے جیسے محترمہ سطوت وقار صاحبہ نے کہا کہ .Sardar culture and Baloch culture وہ دو چیزوں کو mix کر رہی تھیں، Sardar culture کیا ہے اور Baloch culture کیا ہے اور ان دونو ں میں کیا فرق ہے؟ وہاں ترانوے سے زیادہ سردار ہیں لیکن ان میں بہت کم سردار حکومت کی مخالفت میں ہیں اور جو پہاڑوں پر گئے ہوئے ہیں۔ %90 بلوچ سردار حکومت کے ساتھ ہیں اور وہ federation کی بات کرتے ہیں، لہذا ہمیں اس چیز کو بھی clear کرنا چاہیے۔

میڈم سپیکر! دوسری بات یہ ہے کہ بلوچستان کے بارے میں لوگوں نے بہت زیادہ زور دیا کہ بلوچستان میں کیا ہے؟ وہاں گوادر پورٹ ہے لیکن ان کی جو strategy تھی کہ ہمیں کیا کرنا چاہیے؟ یہ resolution بہت اچھی ہے لیکن کسیway out کو میں نے نہیں دیکھا اور وہ میں دینا چاہتا ہوں کہ اس میں کون سی ایسی چیزیں ہیں جنہیں ہم لے کر چلیں۔ اعجاز سرور صاحب نے کہا تھا کہ تاریخی طور پر ہم نے ہمیشہ بلوچستان میں military operation پر انحصار کیا۔ پاکستان بننے سے پہلے خان آف قلات اور قائداعظم محمد علی جناح کے دستخط موجود ہیں کہ انہوں نے دستخط کر کے یہ کہا تھا کہ قلات state ایک independent state ہے لیکن پشتون علاقے کے لوگوں نے شاہی جرگے کے ذریعے متفقہ طور پر اعلان کیا کہ پشتون علاقے جو British Balochistan کہلاتے تھے، وہ پاکستان کے ساتھ الحاق کرنا چاہتے ہیں لیکن اس کے بعد بدقسمتی سے ہماری نیت سے یہ نہیں لگ رہا تھا کہ ہم بلوچستان کو as a independent state تسلیم کریں۔ 1948 میں پاکستانی افواج نے خان آف قلات کو by force پاکستان کے ساتھ الحاق پر مجبور کیا لیکن اس کے ساتھ ہی خان آف قلات کے کزن پرنس عبدالکریم پہاڑوں پر چلا گیا اور ہم نے اس کے ساتھ وعدہ کیا کہ آپ پہاڑوں سے نیچے

آئیں اور surrender کریں، ہم آپ کی بات سنیں گے لیکن وہ سب سیاسی وعدے ثابت ہوئے اور ہم نے ان کے لیے کچھ نہیں کیا۔ ان سب چیزوں کے باوجود بلوچستان کے بارے میں کیا recommendations ہو سکتی ہیں؟ بلوچوں کی کچھ reservations ہیں اور وہ اہم باتوں پر ہے کہ demilitarization of the province کہ وہاں پر military کےexistence role کو ختم کر دیا جائے۔ دوسری چیز یہ ہے کہ 1998 میں گوادر اور لسبیلہ میں military and civil bureaucracy کے لوگوں کو جتنے پلاٹ allot ہوئے تھے، وہ immediately cancel کیے جائیں۔

میڈم سپیکر! بلوچستان بہت بڑا صوبہ ہےاور ہم اسے ایک صوبے کے طور پر handle نہیں کر سکتے لہٰذا ایک حل یہ بھی ہے کہ اسے دو صوبوں میں تقسیم کر دیا جائے، اس میں ایک پشتون belt اور بلوچbelt ہو۔ اگر ہم نے پاکستان کو چلانا ہے، اگر ہم پاکستان کے بارے میں sincerely سوچتے ہیں توپھرہمیں ایک بات کو دل سے تسلیم کرنی ہے کہ بلوچ زمین پر بلوچوں کو حق حکمرانی دیا جائے۔ شکریہ۔

میڈم ڈپٹی سپیکر: جناب نجم الثاقب صاحب۔

جناب نجم الثاقب میمن: شکریہ، میڈم سپیکر! میرے follow parliamentarians نے جو views پیش کیے ہیں I agree with them. ہم اس بات پر آئے ہیں کہ بلوچستان میں جو crisis ہیں اور وہاں کی جو situation بن گئی ہے، ان میں پاکستانیintelligence agencies, establishment and Pakistani governments کا roleہے۔ سابق جمہوری حکومت نے آغاز حقوق بلوچستان، NFC Award, 18th Amendment وغیرہ steps لیے ہیں لیکن ان پر صحیح طرح implementation نہیں ہو پارہی۔ ہم امید کرتے ہیں کہ مستقبل میں آنے والی حکومت بلوچستان کے لوگوں کے grievances کوaddress کرے گی۔

میڈم سپیکر! اس resolution پر میرے دوستوں نے اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ میں کچھ solutions کی طرف جاؤں گا، حضرت ولی کاکڑ صاحب نے کچھ solutions کوhighlight کیا۔ ہم بلوچستان میں وہاں کے لوگوں کا حق نہیں دے رہے۔ ابھی پچھلے دنوں الیکشن کی بات ہو رہی تھی، اگر ہم overseas Pakistanis کو vote کا حق نہیں دیں گے تو وہ اپنے آپ کو deprive feel کریں گے اور اپنے آپ کو پاکستان کا حصہ تسلیم نہیں کریں گے،same pattern پر اگر ہم بلوچوں کو economic rights نہیں دیں گے، وہاں سے ملنے والے معدنیات پر اگر ہم انہیں 50% سے زیادہ employment opportunities نہیں دیں گے۔ ہم ان کی گیس استعمال کر رہے ہیں اورانہیں royalty نہیں دیں گے تو وہ پاکستان کے خلاف کیوں نہیں ہوں گے۔ یہ بالکل genuine بات ہے کہ اگر ہم انہیںdeprive کریں گے تو وہ پاکستان کے خلاف ہو جائیں گے، وہ انہی کی زمین ہے، ہم اسے استعمال کر رہے ہیں، پاکستان کے تمام صوبے اس سے فوائد حاصل کر رہے ہیں لیکن بلوچستان کے لوگوں کو ہم deprive کر رہے ہیں۔

میڈم سپیکر! ہمیں بلوچستان کے لیے developmental efforts کرنی چاہییں۔ بلوچستان کا صوبہ سب سے بڑا ہے، ہم وہاں سوئی گیس کی لائن بچھا تے ہیں تو اس پر بہت خرچ ہوتا ہے، اگر یہ نہیں کر سکتے تو وہاں industries لگا سکتے ہیں، industries کے لیے یہ ہوتا ہے کہ آپ اس علاقے میں industries لگائیں جہاں raw material موجود ہو۔ وہاں پہاڑ ہیں اور اگر ہم سیمنٹ انڈسٹری وغیرہ لگا لیں تو اس طرح یہ بلوچستان کے لیے بہت helpful ہو سکتا ہے اور ہم امید کرتے ہیں کہ اس طرح بلوچوں کے problems solve ہو سکتے ہیں۔ شکریہ۔

میڈم ڈپٹی سپیکر: جناب محمد اقبال زہری صاحب۔

جناب محمد اقبال زہری: شکریہ، میڈم سپیکر! میں ایک گزارش کرنا چاہتا ہوں کہ یہ ایک سنگین اور وسیع مسئلہ ہے، اس پر ایک special committee بننی چاہیے۔ مجھے سمجھ نہیں آرہی کہ میں کہاں سے شروع کروں۔ بلوچستان کے لوگوں کے ساتھ آج تک اتنا ظلم ہو چکا ہے کہ میں سمجھتا ہوں کہ پاکستان میں کسی اور کے ساتھ اتنا ظلم ہوا ہو گا۔ بلوچستان کے لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ ان کا اور کشمیر کا مسئلہ ایک ہی ہے، فرق صرف اتنا ہے کہ کشمیر کا دشمن کوئی اور ہے اور بلوچستان کے دشمن ہمارے اپنے لوگ ہیں۔ Recently بلوچستان کے لیے جو package announce کیا گیا جسے آغاز حقوق بلوچستان کہا جاتا ہے، جس کا متعلق یہ ہے کہ ہمارے حقوق کا آغاز 2009 سے ہوا، پچھلے پینسٹھ سالوں سے ہمیں کوئی حق ہی نہیں دیا گیا ہے۔ میڈم سپیکر! اس سے بڑھ کر ظلم و ستم اور کیا ہو سکتا ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ وہاں کے resources کی worth وہاں کے projects سے زیادہ ہے۔ ہمیں وہاں کے قیمتی resources کی نسبت سےوہاں کے لوگوں کو share دینا چاہیے۔ وہاں ایک resource جو پورے ملک میں supply ہو رہا ہے، 36% of gas production پورے ملک میں جا رہی ہے، اس کی صرف 17% consumption بلوچستان کے اپنے لوگوں کے لیے ہے۔ کوئٹہ میں پانچ یا دس سال بعد گیس پہنچی لیکن اس سے پہلے گیس مری میں پہنچی۔ پاکستان کے سب سے بڑے ضلع خضدار میں ابھی تک گیس موجود نہیں ہے۔ وہاں سے گیس سرد ترین علاقے مری تک پہنچ چکی ہے لیکن وہاں سے ایک کلو میٹر دور زیارت واقع ہے اور وہاں سردی بھی زیادہ ہوتی ہے مگر ابھی تک اسے گیس نہیں مل سکی۔

میڈم سپیکر! یہ مسائل ایسے ہیں جو ہم سب جانتے ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ حکومتِ پاکستان طالبان کے ساتھ مذاکرات کر سکتی ہے، اپنے سب سے بڑے دشمن انڈیا کے ساتھ مذاکرات کر سکتی ہے تو پھر اپنے لوگوں کے ساتھ کیوں مذاکرات نہیں ہو سکتے؟ ہم نے کون سا گناہ کیا ہے؟ وہاں کی youth میں بہت conservativeness پائی جاتی ہے، وہ شاید یہ تسلیم نہیں کرتے کہ ہم لوگ ایک آزاد state میں exist کر رہے ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ ایک ایسا سنگین مسئلہ ہے جس پر اگر emergency basis پر notice نہ لیا گیا تو پھر سقوطِ ڈھاکہ جیسا معاملہ بھی ہو سکتا ہے۔

میڈم سپیکر! اب اس مسئلے کی solutions کی طرف آنا چاہوں گا کہ اس مسئلے کو حل کرنے کے لیے 5% quota کو increase کر کے 10% کیا جائے۔ سپریم کورٹ کے directive کے مطابق missing persons کو جلد از جلد بازیاب کرایا جائے۔ آغاز حقوق بلوچستان میں یہ چیز include کی جائے کہ وہاںpara-military کے functions کو limited کیا جائے اور انہیں اپنے گھروں میں واپس بھیجا جائے۔ وہاں کے لوگوں کو national wealth and finance سے متعلقprojects میں حصہ دینا چاہیے۔ یہ ساریsuggestions ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھforeign countries کے ساتھ جو projects کیے جارہے ہیں the government should make public all the agreements. The government should initiate immediately start working on poverty. اس کے علاوہ ایک کمیٹی تشکیل دی جانی چاہیے کہ projects میں وزراء کو جو funds دیے جاتے ہیں، ان کی accountability ہونی چاہیے۔ National resources کی exploitation بند کر دینی چاہیے۔ شکریہ۔

میڈم ڈپٹی سپیکر: محترم رفیع اللہ صاحب۔

Mr. Rafiullah Kakar: Thank you Madam Speaker. All respectable parliamentarians have already said enough regarding Balochistan. I am here just to point out two factual errors, one which was made by Ms. Sitwat Waqar and except Zehri all of our parliamentarians committed the same mistake and it is also reflected in our national discourse as well

اور وہ یہ ہے کہ جب بلوچستان کی بات کی جاتی ہے تو آپ کہتے ہیں کہ ہمارے بلوچی بہن بھائی، اس وقت بلوچستان میں دو major communities پشتون اور بلوچ ہیں۔ Rough calculations کے مطابق بلوچستان میں اس وقت 47 to 48% population Baloch and 44 to 45% Pashtuns population رہ رہی ہے، اس کے علاوہ 6 to 7% other communities ہیں۔ یہ ہمارے بلوچی بہن بھائی ہی ہو سکتے ہیں۔ ایک inclusive term ہے کہ بلوچی بھائی اور اس میں آپ دوسری communities کو ignore کر دیتے ہیں، یہ ایک factual error ہے جس کی طرف میں آپ کی توجہ مبذول کروانا چاہتا تھا۔

میڈم سپیکر! جناب زہری صاحب نے بڑی زبردست باتیں کی ہیں، ان کی باتوں میں ایک factual error یہ تھا کہ کوئٹہ کو پانچ دس سال بعد گیس ملی جبکہ حقیقتاً اسے تیس سال بعد گیس مہیا کی گئی۔ 1953 میں گیس سوئی کے مقام سے دریافت ہوئی اور 85-1984 میں کوئٹہ کو گیس فراہم کی گئی۔

